| | | |
|---|---|---|
| 1<br>1<br>1<br>1<br>1<br>1<br>کل نمبر=16 | (xi) 'بنّے بھائی' کے نام سے کسے جانا جاتا ہے؟<br>**جواب: (۱) سجاد ظہیر**<br>(xii) 'سکون کی نیند' افسانے میں کس ملک کا ذکر ہے؟<br>جواب: (۲) ملکِ ہوا<br>(xiii) اردو کی پہلی آپ بیتی کون سی ہے؟<br>**جواب: (۱) کالا پانی**<br>(xiv) حالیؔ کہاں پیدا ہوئے؟<br>**جواب: (۱) سونی پت**<br>(xv) 'غزل' کس زبان کا لفظ ہے؟<br>**جواب: (۱) عربی کا**<br>(xvi) 'غزل' کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟<br>**جواب: (۲) مطلع** | |
| 1<br>1<br>1<br>1<br>کل نمبر=4 | **مندرجہ ذیل بہت مختصر سوالات کے جواب لکھیے۔**<br>(i) 'مقطع' کسے کہتے ہیں؟<br>**جواب: غزل کے آخری شعر کو جس میں شاعر اپنا تخلص پیش کرتا ہے۔**<br>(ii) 'اردو تنقید پر ایک نظر' کس کی کتاب ہے؟<br>**جواب: کلیم الدین احمد کی۔**<br>(iii) غالبؔ کا انتقال کہاں ہوا؟<br>جواب: دہلی میں۔<br>(iv) 'خاکہ' انگریزی کے کس لفظ کا ترجمہ ہے؟<br>جواب: sketch کا | 2. |
| 3 | اپنے گاؤں رکڑی کی کیا کیا چیزیں اختر الایمان کو پسند تھیں؟<br>**جواب:** اختر الایمان کو اپنے گاؤں رکڑی کے جوہڑ اور جوہڑوں میں کھلتے ہوئے کنول اور نیلوفر کے پھول بہت پسند تھے۔ ان کے علاوہ آموں کے گھنے باغ اور ان میں کوکتی ہوئی کوئلیں ان کو اپنی طرف متاثر کرتی تھی۔ کھجور کے پیڑ میں بیوں کے گھونسلے اور مینائیں ان کو بہت اچھے لگتے تھے۔ شامائیں گیت گاتے ہوئے ایک دوسرے کا تعاقب کرتی رہتی تھی اور جگہ جگہ پر پدے دکھائی دیتے تھے۔ | 3. |

Download from www.MsEducationTv.com

